شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36۔کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 35869501-042، ای میل: media@tanzeem.org

14جولائی2023ء

پریس ریلیز

اسرائیل کو پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا کوئی حق نہیں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): اسرائیل کو پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا کوئی حق نہیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں اسرائیل کا پاکستان میں انسانی حقوق کے حوالے سے تبصرہ و تشویش کا اظہار کرنا چور مچائے شور کے مترادف ہے۔ اسرائیل کی ہرزہ سرائی پر پاکستان کی وزارتِ خارجہ کے سخت ردعمل کی بھرپور تائید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پون صدی سے ناجائز صہیونی ریاست فلسطینی مسلمانوں پر بدترین ظلم وستم کے پہاڑ توڑ رہی ہے۔ امسال رمضان المبارک میں مغربی کنارے اور مسجد اقصیٰ پر حملے اور چند دن قبل جنین میں مسلمانوں کا قتلِ عام فلسطینیوں کی نسل کشی کی اسرائیلی پالیسی کا واضح ثبوت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے اسرائیل کو مغرب کا ناجائز بچہ قرار دیا تھا۔ قائدِ ملت لیاقت علی خان شہید نے یہودیوں کی طرف سے کسی قسم کی اعانت کو اُس دور میں مسترد کردیا تھا جب قیام پاکستان کے فوراً بعد ملک کی معاشی حالت انتہائی دگرگوں تھی اور اُس کا قائم رہنا مشکل نظر آرہا تھا۔ پھر یہ کہ اسرائیل کے پہلے وزیراعظم ڈیوڈ بن گوریان نے پیرس میں 1967ء کی عربوں کے خلاف جنگ میں فتح کا جشن مناتے ہوئے کہا تھا کہ ہمارا اصل دشمن اور حریف پاکستان ہے کیونکہ پاکستان واحد اسلامی نظریاتی ملک ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل پاکستان کا ازلی دشمن ہے اور ہر وقت ہمیں نقصان پہنچانے کی کوشش میں رہتا ہے۔ ہمارے سیاست دانوں اور مقتدر حلقوں کو اپنے قول وفعل سے دشمن کو ہرگز ایسا موقع فراہم نہیں کرنا چاہیے جس سے وہ ہماری نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کو تختۂ مشق بنالے۔ حکمرانوں، اپوزیشن اور مقتدر حلقوں کو ملک کی نظریاتی واساسی بنیادوں پر حقیقی معنوں پر امین اور محافظ ہونے کا ثبوت دینا ہوگا تاکہ اتفاق واتحاد سے وطنِ عزیز کے تمام دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملایا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 14 July 2023

"Israel has no right to interfere in the internal affairs of Pakistan."

Lahore (PR): "Israel has no right to interfere in the internal affairs of Pakistan."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that the comments and concerns made by the Israel in a session of the UN Human Rights Council about the human rights situation in Pakistan is merely a ploy to deflect blame. While fully condoning the rejection by our foreign ministry of the Israeli statement, the Ameer said that the illegitimate Zionist state of Israel has been perpetrating the worst form of tyranny, oppression and brutality against the Palestinian Muslims for 75-years. Only this year, the Zionist attacks on the West Bank and the Al-Aqsa Mosque during Ramadan, as well as the recent massacre of Muslims in Jenin is evidence of the genocidal policy of Israel against the Palestinians. The truth is that the Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah had called Israel the illegitimate child of the West. The Quaid-e-Millat Shaheed Liaquat Ali Khan had declined to accept the offer of economic assistance by the Jews at that time when the economic situation of Pakistan was extremely bleak, immediately after independence, and its survival was at stake. Moreover, while celebrating in Paris the Israeli victory over the Arabs in the 1967 war, the first PM of Israel David Ben Gurion has said that our real enemy and opponent is Pakistan, which is an Islamic ideological state. The truth is that Israel is the perennial enemy of Pakistan and is always looking for opportunities to harm Pakistan. Our politicians and state institutions should avoid any such statements or actions that could provide our enemies with an opening to launch an attack on the ideological and geographical boundaries of our country. The government, opposition and state institutions must focus with unity on being the protectors and trustees of the ideological and foundational basis of the country, so that the nefarious designs of the enemies of Pakistan could be thwarted.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan